# اداریہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وبہ نستعین............

ماہِ ربیع النور ربیع الاول کی آمد آمد ہے، اک بار پھر گلی گلی حضورﷺ کی محفلیں سجیں گی، پھر ذکرِ خدا و رسول کی بہار آئے گی، پھر صلوۃ سلام کی صدائیں گونجیں گی، دنیا بھر کے مسلمان ایک بار پھر اپنے نبی مکرمﷺ کی سیرت کا مطالعہ کریں گے اور حضورﷺ کی سیرت سن کر میلاد منائیں گے۔ اس موقع پر نوجوانوں کا جذبہ دیدنی ہوتا ہے، قمقمے لگا رہے ہیں، جھنڈیاں بنا رہے ہیں، بینر تیار کروا رہے ہیں، چاکنگ ہو رہی ہے، اسٹیج سج رہے ہیں، نئے و پرانے مقرر دادِ تحسین وصول کریں گے' افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ مقررین کا ایک طبقہ وہ ہے جو ایک طویل عرصہ سے نورانیت وبشریت مصطفیٰ کے عنوان سے آگے نہیں بڑھ سکا، جلسۂ سیرت ہو یا محفلِ میلاد، یومِ صدیقِ اکبر ہو یا یومِ فاروقِ اعظم، یومِ علی ہو یا یومِ حسین ان کی تان کسی نہ کسی اختلافی مسئلہ پر ہی آ کر ٹوٹتی ہے۔ راقم نے ایک اسکول کی افتتاحی تقریب میں شرکت کے موقع پر بھی ایک عالمِ دین کو اسی موضوع پر خطاب کرتے پایا تو عجب حیرت ہوئی کہ موقع کی مناسبت سے علم وآگہی کی فضیلت، اصلاح وتعمیر کردار کی ضرورت یا اسکول ومدارس کے قیام کی اہمیت جیسے کسی موضوع پر لب کشائی کی بجائے بشریت مصطفیٰ ہی موضوعِ سخن رہا۔ بے شمار موضوعات اور ان گنت پہلو ہیں سیرتِ مصطفیٰ کے مگر افسوس کہ ہنوز ہمارے واعظین کورد وتردید کے موضوعات سے فرصت نہیں۔ سیرت پر بولنے کے لئے کس قدر مواد قرآن وسنت نے فراہم کیا ہے اور کتنے موضوعات کی طرف رہنمائی کی گئی ہے مگر ہمارا مقرر زمین جنبد نہ جنبد گل محمد بنا وہی "تڑپا اور پھڑکا دینے والی" تقریروں ہی کی تکرار کے درپے ہے۔ سالہائے گزشتہ کی طرح اس سال بھی ہم اس امید سے چند موضوعات سیرت پیش کرتے ہیں کہ اس بار ربیع الاول میں واعظینِ خوش گلو، ان میں سے بعض پر تیاری کے ساتھ گفتگو کی زحمت فرمائیں گے تاکہ سیرت کے جمالیاتی پہلو کے ساتھ ساتھ عملی زندگی سے متعلق گوشوں سے بھی عوام کو روشناس کرایا جاسکے۔ یہاں اس بات کا ذکر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ چند برس پیشتر بھی جب راقم نے یہ اداریہ لکھا تھا تو ہمارے ایک مقرر دوست نے کہا ڈاکٹر صاحب جو موضوعات آپ نے دئے ہیں وہ بہت اچھے ہیں مگر ان موضرعات پر نعرے کوئی نہیں لگاتا اور نہ کوئی نوٹ نچھاور کرتا ہے۔ اور جس تقریر پر نہ

> علم وفن میں حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا کوئی ثانی نہیں : (محدث ابوزرعہ)

نعرے لگیں نہ ہن برسے وہ تقریر بے کار سمجھی جاتی ہے اور وہ مقرر نالائق گردانا جاتا ہے۔ باقی آپ کی مرضی آپ جو چاہیں لکھیں۔ تاہم ڈاکٹر صاحب۔۔۔۔ ذرا ہتھ ہولا رکھیا کرو۔۔۔۔۔۔

اس صورت حال کی پرواہ کئے بغیر ہم پھر صحرا میں اذان دے رہے ہیں اور بعض اہم موضوعات پیش کرتے ہیں کہ ان پر بولنے کی اشد ضرورت ہے۔ و واللہ ولی التوفیق۔

☆۔ سیرت کی تعریف اور حدود قیود ☆۔ سیرت النبی اور ہماری زندگی ☆۔ اسوہ واصول کی ہم آہنگی ☆۔ مقامِ مصطفیٰ ﷺ قرآن کی روشنی میں ☆۔ حضور ﷺ کا تعلیمی انقلاب ☆۔ میثاقِ مدینہ کی روشنی میں سیاستِ مصطفوی ☆۔ رسول اللہ ﷺ کی دفاعی حکمتِ عملی ☆۔ رسول اللہ ﷺ کی عسکری مہمات ☆۔ انسانی کلوننگ سیرت وسنت کے آئینے میں ☆۔ جانوروں کے حقوق سیرت وسنت کی روشنی میں ☆۔ اصولِ تجارت اور ہادیٔ اعظم ﷺ ☆۔ تقدیسِ آباءِ رسول ﷺ ☆۔ اخلاقِ مصطفیٰ ﷺ ☆۔ رسول اللہ ﷺ کی اعتدال پسندی ☆۔ دوسروں کی رائے کا احترام نگاہِ مصطفوی میں ☆۔ سرکارِ دوعالم ﷺ کا طریقِ تربیت ☆۔ رسول اللہ ﷺ کی عائلی زندگی ☆۔ مصائب وآلام میں اسوۂ رسول ☆۔ اطاعتِ مصطفیٰ ﷺ عینِ اطاعت خدا ہے ☆۔ جنت میں معیتِ رسول ﷺ ☆۔ حبِ رسول اور اتباعِ رسول ﷺ کی برکات ☆۔ حبِ رسول ﷺ کے تقاضے ☆۔ اصلاحِ معاشرہ میں سیرتِ رسول ﷺ سے رہنمائی ☆۔ خواتین اور اسوۂ رسولِ اکرم ﷺ ☆۔ اسلامی طرزِ معاشرت سیرتِ طیبہ کے آئینے میں ☆۔ قوانین جنگ اور اسوۂ مصطفیٰ ﷺ ☆۔ جنگی قیدیوں سے مصطفوی سلوک ☆۔ نبی اکرم ﷺ بحیثیت سپہ سالارِ اعظم ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت داعیٔ امن واخوت ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت رحمۃ للعالمین ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت مشفقِ انسانیت ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت حکم وقاضی ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت داعیٔ عدل ومساوات ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت ذی وقار شہری ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت افصح العرب خطیب ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت صادق وامین تاجر ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت اولوالعزم مبلغ وداعی ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت اعلیٰ ترین معلم انسانیت ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت کامیاب ترین داعیٔ انقلاب ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت بے مثال مربی ومزکی ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت عظیم مدبر ومنتظم ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت لاثانی مقنن ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت عدیم النظیر منصف وقاضی ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت عظیم الشان معاشی ومعاشرتی اسوہ کے مالک انسان ☆۔ نبی کریم ﷺ

بحیثیت صاحب خلقِ عظیم ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت قابلِ تقلید سربراہ خاندان ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت عظیم وخلیق شوہر ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت مصلحِ اعظم ☆۔ نبی کریم ﷺ بحیثیت نبی کل کائنات ☆۔ نبی کریم ﷺ کی حیاتِ مبارکہ کے حادثاتی لمحات ☆۔ کتاب خداوندی اور شخصیتِ رسول ﷺ ☆۔ حضور ﷺ کی مردم شناسی ☆۔ نبی کریم ﷺ کا طرزِ جہانبانی ☆۔ حضور ﷺ اور رواداری ☆۔ قیام امن کے سلسلہ میں اسوۂ رسول سے رہنمائی ☆۔ نبی کریم ﷺ کا غیر مسلموں سے حسنِ سلوک ☆۔ ملکی استحکام کے سلسلہ میں سیرتِ طیبہ سے رہنمائی ☆۔ عہدِ رسالت میں ریاست کا ارتقاء ☆۔ نبی کریم کے کلامِ مبارک کی اعجاز آفرینیاں ☆۔ لولاک لما خلقت الافلاک ☆۔ غیر مسلموں کے لئے سیرت طیبہ میں رہنمائی ☆۔ عدمِ برداشت اور تعلیماتِ نبوی ☆۔ سیاستِ خارجہ کے اصول اسوۂ رسول کی روشنی میں ☆۔ سائنسی تجربات اور سیرتِ مصطفیٰ ﷺ ☆۔ رسول اللہ ﷺ کی بچوں سے شفقت ومحبت ☆۔ نبوتِ محمدی کا عقلی ثبوت ☆۔ عقیدۂ رسالت اور آخرت ☆۔ ایمان بالرسالت کی اہمیت ☆۔ بعثتِ محمدی توراۃ وانجیل برناباس میں ☆۔ نبی کریم ﷺ کی مجلسی اور عوامی زندگی ☆۔ حضور ﷺ کا عفوودرگزر ☆۔ معمولاتِ مصطفیٰ ﷺ ☆۔ رسول اللہ ﷺ کی پیش گوئیاں اور موجودہ عالمی صورتحال ☆۔ نبی کریم کا فنِ حرب ☆۔ عشق رسول ﷺ اور ہماری عملی زندگی ☆۔ عشق رسول اقبال کی نظر میں ☆۔ مستشرقین اور سیرتِ رسول عربی ﷺ ☆۔ حالاتِ حاضرہ میں سیرتِ رسول ﷺ سے رہنمائی۔

اللہ رب العزت ہمیں ماہِ ربیع الاول کے احترام کے تقاضوں کے ساتھ اس ماہِ مبارک کی برکتیں سمیٹنے اور تعمیرِ کردار وسیرت کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

**قل بفضل اللہ وبرحمتہ فبذلک فلیفرحوا ھو خیر مما یجمعون**

**امتِ مسلمہ کو ماہِ میلادِ مصطفیٰ ﷺ مبارک ہو**

☆☆☆

آیئے مل کر عہد اور کوشش کریں کہ ہم اب پہلے سے زیادہ حضور ﷺ کی اتباع کریں گے۔

**مجلس ادارت : مجلہ فقہ اسلامی کراچی**

☆ میں نے امام محمد سے بڑھ کر کوئی فصیح نہیں دیکھا (امام محمد بن ادریس شافعی) ☆